نیسلے پاکستان نے مالی سال 2020 کیلئے مالیاتی نتائج کا اعلان کردیا

لاہور: 25 فروری، 2021

نیسلے پاکستان نے مالی سال 2020 کیلئے گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 2.4 فیصد اضافہ کے ساتھ 118.8 بلین روپے آمدن کا اعلان کیا ہے۔ کورونا وائرس کی وبا کے باعث غیر معمولی صورتحال کے باوجود کمپنی بلا رکاوٹ سپلائی اور مصنوعات کی دستیابی، جدت طرازی اور تزین و آرائش کیلئے کئے جانے اقدامات، عدی تقسیم میں توسیع اور برانڈز میں سرمایہ کاری کے ذریعے آمدن میں اضافہ کرنے میں کامیاب رہی۔ اخراجات میں کمی کیلئے اقدامات، اصلاحی منصوبوں اور قیمتوں کے تعین کی مدد سے منافع بہتر ہوا۔ کمپنی کے مالیاتی نتائج کا اعلان کمپنی کے ہیڈ آفس میں منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹر کے اجلاس میں کیا گیا۔

2020 میں کورونا وائرس کی وبا نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا جس کے پاکستان سمیت پوری دنیا میں منفی اثرات مرتب ہوئے۔ نیسلے پاکستان نے کورونا وبا سے نمٹنے کیلئے قومی جدوجہد میں حصہ لیتے ہوئے کمزور طبقات کی معاونت کے اپنے عزم کو مزید آگے بڑھایا اور ان مشکل حالات میں متاثرہ افراد اور فرنٹ لائن ورکرز کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے 4 ملین سے زائد طاقت اور غذائیت سے بھرپور مصنوعات کا عطیہ کیا۔

کمپنی تسلسل کے ساتھ جدت طرازی اور تزین و آرائش کے ذریعے اپنی مصنوعات کی اساس کو بڑھا کر صارفین کے معیار زندگی کو مثبت انداز میں بلند کرنے کے اپنے وژن پر کاربند ہے۔ 2020 میں لانچ کی جانے والی مصنوعات میں ملک پیک بٹر (سالٹڈ اینڈ انسالٹڈ) نیسلے فروٹا واٹلو قلندری آنا رنیس کیفے آر ٹی ڈی چاکلیٹ موچا، سیریلیک ریکور، سیریلیک نیچر سلکشن، لیکوجن ازینشلز، 2&3 NAN، ڈویلوویڈیٹ مکس، ایوری ڈے کڑک چائے 1-3، نیس کیفے آئس اور نیسلے پیور لائف (5 جی ایکٹو) شامل ہیں۔